© rasailojaraid.com



ملتِ اسلامیہ کے سب سے بڑے اور مقدس مراکز مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ کی حدود میں کسی غیر مسلم کو داخل ہونے کی اجازت کیونکر دی جاسکتی ہے اور پھر اللہ کے واضح حکم "اب کوئی غیر مسلم مسجد حرام کے قریب بھی نہ آئے" (آیت ۸،سورہ توبہ) کے بعد کوئی جواز باقی نہیں رہتا۔

❑ کتاب: بائبل کا تحقیقی جائزہ — مؤلف: بشیر احمد ایم اے

ضخامت: ۱۸۸صفحات — قیمت: ۔/۱۵۰روپے

ناشر: عبدالرشید، اسلامک سٹڈی فورم۔راولپنڈی — ملنے کا پتا: پوسٹ بکس نمبر ۶۳۹۔راولپنڈی

جناب بشیر احمد، گارڈن کالج راولپنڈی کے طالب علم رہے ہیں، انہیں کرسچین سٹڈی سینٹر راولپنڈی میں بحث و مباحثے کا موقع ملا۔امریکہ میں اپنے قیام کے دوران یہودیت،عیسائیت اور بائبل پر بہت سی کتابیں دیکھیں۔مختلف عیسائی فرقوں کے رہنماؤں سے بات چیت کی۔تحقیق کی دنیا میں وہ ایک معتبر حوالہ ہیں۔عیسائیت، یہودیت، بہائیت،مرزائیت اور آغا خانیت اُن کے خاص موضوع ہیں۔ان عنوانات پر اُن کی تحقیقی کتابیں دادِ تحسین وصول کر چکی ہیں۔عالمی تحریکوں پر بھی اُن کی گہری نظر ہے۔ایک کتاب فری میسنری تحریک پر بھی تحریر کی ہے۔زیرِ تبصرہ کتاب میں بائبل کے ارتقاء،اس کی تدوین و تشکیل کے مراحل اور اس میں پائی جانے والی مختلف قسم کی تحریفات کا تذکرہ کیا گیا ہے اور اس کے لیے مختلف انسائیکلوپیڈیا میں بائبل، یہودیت،عیسائیت وغیرہ پر مقالات کو بطور بنیادی مأخذ استعمال کیا ہے۔ہر باب کے آخر میں بعض کتب کے نام مزید مطالعے کے لیے درج کیے گئے ہیں۔کتاب ھٰذا میں اناجیل اربعہ کے مأخذ،عیسائی فرقے،عہد نامہ جدید کی تشکیل ،عہد نامہ جدید کے قدیم نسخے، اسلام اور عیسائیت،مسلم ممالک میں عیسائی مشنریوں کے تبلیغی حربے،قرآن، یہود اور یہودیت کے موضوعات پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔معیاری پرنٹنگ،رنگین ٹائٹل کے ساتھ کتاب جاذبِ نظر ہے۔

❑ کتاب: اسمائے خیر — مؤلف: مسعود الحسن ضیاء

ضخامت: ۲۰۲صفحات — قیمت: ۔/۱۲۰روپے — ناشر: دارالکتاب، کتاب مارکیٹ۔غزنی سٹریٹ،اردو بازار۔لاہور

کتاب ہذا میں اللہ رب العزت اور حضرت محمد ﷺ کے مشترکہ صوتی و معنوی صفاتی ناموں پر محبت کی زبان میں قلم اٹھایا گیا ہے۔نور کا غسل اس کے نصیب میں ہوتا ہے جسے اپنا میلا پن نظر آجائے۔جناب مسعود الحسن ضیاء کی اس کتاب میں کچھ ایسی ہی جھلک پائی جاتی ہے۔

خیر کی سب چابیاں اسمائے حسنیٰ ہیں۔انہی سے خیر کے سب تالے کھلتے ہیں اور یہ تالے ہیں اسمائے رسول اللہ ﷺ۔یہی اسمائے خیر کی کل کہانی ہے۔اور اسی ایک چابی سے انہوں نے اپنے بند تالے کھولے ہیں۔اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا ذکر اور ورد کیا ہے۔کتاب قلب و نظر کے سکون کا باعث ہے۔(تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

© rasailojaraid.com